نماز کے بعد پڑھے جانے والے وظائف فرض کے بعد پڑھیں یا بقیہ سنتوں کے بعد

مجیب: مولانا عابد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1181

تاریخ اجراء: 23 جمادی الاول 1445ھ/08 دسمبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

نماز کے بعد پڑھنے کے جو وظائف ہوتے ہیں یہ ظہر، مغرب اور عشاء کی نماز میں فرضوں کے بعد پڑھیں یا بقیہ سنتیں ادا کرنے کے بعد؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

فرضوں اور سنتوں کے درمیان طویل یعنی لمبے لمبے وظائف نہیں پڑھنے چاہیں، ہاں مختصر وظائف پڑھنے، میں حرج نہیں۔

امامِ اہلِ سنّت شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ سے سوال ہوا کہ جس فرض کے بعد سنت ہے، اس فرض کے بعد مناجات کرنا درست ہے یا نہیں؟ تو اس کے جواب میں آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”جائز و درست تو مطلقاً ہے، مگر فصلِ طویل مکروہ تنزیہی و خلافِ اولیٰ ہے اور فصلِ قلیل میں اصلاً حرج نہیں۔ دُرمختار فصل صفۃ الصلوۃ میں ہے: ”یکرہ تاخیر السنۃ الا بقدر اللھم انت السلام الخ وقال الحلوانی لاباس بالفصل بالاوراد واختارہ الکمال قال الحلبی ان ارید بالکراھۃ التنزیھیۃ ارتفع الخلاف قلت وفی حفظی حملہ علی القلیلۃ“ سنّتوں کا مؤخر کرنا مکروہ ہے مگر اللھم انت اسلام الخ کی مقدار، حلوانی نے کہا اَوْرَاد اور دعاؤں کی وجہ سے فصل (وقفہ) میں کوئی حرج نہیں علامہ کمال نے اسے مختار قرار دیا ہے، حلبی نے کہا کہ اگر کراہت سے مراد تنزیہی ہو، تو اختلاف ہی ختم ہو جاتا ہے، میں کہتا ہوں مجھے یاد آتا ہے کہ حلوانی نے اسے اَوْرَادِ قلیلہ پر محمول کیا ہے۔ (ت)

(فتاوی رضویہ، جلد 6، صفحہ 234-235، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

مزید دلائل دیتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں: ”اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ باب الذکر بعد الصلوۃ میں ہے: ”باید دانست آنست کہ تقدیم روایت منافی نیست بعدیتے را کہ درباب بعض ادعیہ واذکار

در احادیث واقع شدہ است، کہ بخواند بعد از نمازِ فجر و مغرب دہ بار لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ
لہ الملک ولہ الحمد وھو علٰی کل شیئ قدیر (مختصراً)" یہاں اس بات کا جاننا ضروری ہے کہ پہلی روایت
بعد والی روایت کے منافی نہیں، کیونکہ بعض دعاؤں اور اذکار کے بارے میں احادیث موجود ہیں ایک روایت میں ہے
کہ نمازِ فجر اور مغرب کے بعد دس مرتبہ یہ کلمات پڑھے جائیں: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے ذات وصفات
میں اسکا کوئی شریک نہیں، سلطنت اسی کی ہے، حمد اسی کی ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔ (ت)

یہاں سے ظاہر ہوا کہ آیۃ الکرسی یا فرض مغرب کے بعد 10 دس بار کلمۂ توحید پڑھنا فصلِ قلیل ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ237، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net